22/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُن

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تریپورہ ، منی پور اور میگھالیہ کی ثقافتی گو ناگونیت اور ورثہ اس خطے میں اقتصادی ترقی اور اختراعیت کو فروغ دینے میں ایک اہم رول ادا کرتا ہے ۔ لوک بھون جموں میں کل ان ریاستوں کے سٹیٹ ہُڈ ڈے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ ان ریاستوں نے قوم کی ترقی میں بھی ایک اہم رول ادا کیا ۔ انہوں نے ان ریاستوں کے لوگوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے2فروری سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس سے پہلے کل دوسرے روز بھی مختلف محکموں کے ساتھ بجٹ سے پہلے مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے مختلف محکموں کے ترقیاتی اور عوام دوست منصوبوں کا جائزہ لیا ۔

وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر عوام دوست بجٹنگ نیزعوامی رقومات کو ترجیحی سیکٹرونپر صرف کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ مشاورت کا یہ سلسلہ سول سیکریٹریٹ جموں میں آج بھی جاری رہے گا ۔

سکینہ ایتو

کولگام میں دو کروڑ 74 Banimullah سماجی بہبود و تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل ہیر پورہ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی واٹر سپلائی سکیم کا سنگ بنیاد رکھا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے مقامی لوگوں کے ساتھ بات کرکے ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔

ستیش شرما

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے نئی دلی میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر سے جُڑے متعدد ترقیاتی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ وزیر موصوف نے جموں کشمیر میں تمام سیکٹروں کی ترقی کو دوام بخشنے کے لئے زیادہ سے زیادہ مرکزی تعاون پر زور دیا ۔

جاوید احمد ڈار

سول سیکریٹریٹ جموں میں کل متعدد عوامی وفود زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار سے ملاقی ہوئے ۔ اس دوران انہوں نے اپنے مسائل وزیر موصوف کی نوٹس میں لائے ۔ وزیر نے انہیں یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔

ڈاکٹر اعجاز ایوب

مرکزی سرکار نے پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے پرگتی پہل شروع کی ہے جس کی رو سے وزیر اعظم نریندر مودی بذات خود اہم پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لےتے ہیں ۔

پرگتی پہل کی اہمیت کے بارے میں جموں کشمیر کے ایک معروف اقتصادی ماہر ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

ڈائریکٹر جنرل پولیس

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات نے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز پلوامہ میں سپیشل ڈی جی پی Coordination ، ایس جے ایم گیلانیIGP جنوبی کشمیر رینج کے DIG کشمیر وی کے بردی ، جاوید اقبال متو اور دیگر افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران ضلعے کے سکیورٹی منظر نامے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے عوامی پولیسنگ کو بروئے کار لاتے ہوئے قوم دشمن عناصر کی سرگرمیوں کو ناکام بنائیں ۔

نے ڈسٹرکٹ پولیس آفس شوپیان میں DGP اس سے پہلے اسی طرح کی ایک میٹنگ کے دوران بھی ضلعے کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے یوم جمہوریہ کی تقریبات احسن طریقے پر منعقد کرانے کے لئے تمام انتظامات مکمل کرنے پر زور دیا ۔

ضلع ترقیاتی کمشنرسرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں ریونیو اور جدید کاری کے کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس کام میں سرعت Digitisation دستاویزات کی لانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ لوگوں کو اپنی اراضی سے متعلق جانکاری اور دستاویزات حاصل کرنے میں کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ2ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ